چند ضروری ہدایات
برائے سائلین!

عدل وانصاف کی فراہمی کے لئے عدالت آپ کے تعاون اعتماد اور یقین کی بنیاد پر قائم ہے۔ ہمیں اس امر کا بخوبی علم ہے کہ سائلین اپنے مقدمات کا جلد از جلد تصفیہ چاہتے ہیں۔ اس ضمن میں ہماری اولین ترجیح آپ کو جلد اور بروقت انصاف کی فراہمی یقینی بنانا ہے۔ چند ضروری ہدایات آپ کی رہنمائی کے لئے درج ذیل ہیں۔ جن سے مقدمات کے فیصلے فوری ہو سکیں گے۔

ا۔ وقت کی پابندی لازمی ہونی چاہیے۔ عدالت کے اوقات کار موسم گرما میں صبح 8 بجے تا 2:30 بجے دوپہر ہیں۔ بروز جمعہ عدالتی اوقات کار 12:00 بجے اور موسم سرما میں 12:30 بجے دوپہر ہیں۔ جبکہ موسم سرما میں اوقات کار صبح 8:30 بجے تا 3 بجے دوپہر ہے۔

۲۔ عدالت میں مقدمہ دائر کرتے وقت یہ یقینی بنائیں کہ آپ نے فریقین کے درست پتہ جات/فہرست وارثان فون نمبر Whatsapp وغیرہ درست طور پر درج کئے ہیں۔ اسی طرح فہرست وارثان بازگشت اور دیگر مطلوب دستاویزات قابل ملاحظہ ہونے کے ساتھ درست طور پر شامل مثل ہیں۔ لہٰذا آپ پر لازم ہے کہ دعوٰی دائر کرنے سے قبل متعلقہ دستاویزات کا بغور ملاحظہ کیا جائے تاکہ دعوٰی مرتب کرنے میں دشواری نہ ہو اور عدالت بھی فوری طور پر آپ کی مدعا کو سمجھ سکے۔

۳۔ مقدمہ کے بارے میں دی گئی تاریخ کی بابت باخبر رہیں۔ اور مقدمہ یا درخواست کے کوائف کا علم رکھیں جیسا کہ مقدمہ نمبر، تاریخ رجوعہ اور عدالت بمعہ جج صاحب/صاحبہ کا نام وغیرہ۔

۴۔ اطمینان رکھیئے! عدالت کے سامنے ہر شخص برابر ہوتا ہے۔ اس لئے کوئی بھی شخص چاہے وہ جتنا بھی بااثر کیوں نہ ہو عدالتی فیصلوں پر اثر انداز نہیں ہو سکتا ہے۔ عدالت میں قانون کی بالادستی کو پیش نظر رکھا جاتا ہے۔

۵۔ آپکی پیش کردہ جملہ وعدالتی دستاویزات آپ کا برخلف بیان وغیرہ قانونی حیثیت کے حامل ہوتے ہیں۔ لہٰذا آپ پر لازم ہے کہ آپ کی پیش کردہ دستاویزات یا آپ اور آپکے گواہوں کے بیان سچ اور درست حقائق پر مبنی ہوں۔ چنانچہ کسی بھی

قسم کا ردوبدل یا دروغ گوئی کی صورت میں تادیبی کاروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے۔ یوں جھوٹی مقدمہ بازی سے گریز کریں۔ کیونکہ یہ قانوناً و اخلاقاً درست نہیں۔ عمومی مشاہدہ میں یہ بات آئی ہے کہ درست حقائق پر مبنی مقدمات و FIR کی کامیابی کا امکان ان مقدمات یا FIR کی نسبت زیادہ ہوتا ہے۔ جن میں حقائق کو بڑھا چڑھا کر یا دروغ گوئی کی بنیاد پر مرتب کیا گیا ہو۔

۶۔ معزز وکلاء آپ کو قانونی معاونت فراہم کرتے ہیں اسی طرح وہ عدالت کو درست حقائق پیش کرنے کے پابند ہیں۔ لہٰذا تاریخ پیشی سے قبل اپنے معزز وکیل سے مشاورت کرنا مناسب عمل ہے۔

۷۔ زحمت سے بچنے کیلئے فوجداری مقدمات میں ضمانت نامے جمع کرتے وقت ضامنان کے متعلق تسلی کرلیں۔ کہ کہیں وہ پیشہ ور تو نہیں۔

۸۔ عدلیہ ترجیحی بنیادوں پر پرانے دیوانی، عائلی اور فوجداری مقدمات کو نمٹانے کے لئے کوشاں ہے بدیں وجہ ان مقدمات میں تاریخ پیشی نسبتاً مختصر دی جاتی ہے۔ تاریخ پیشی کے حوالے سے آپ متعلقہ جج صاحب/ صاحبہ سے رجوع کرسکتے ہیں۔

۹۔ نقولات کے حصول کی بابت فیس متعلقہ برانچ میں آویزاں بورڈ پر درج ہے اسی کے مطابق ادائیگی کیا کریں۔

۱۰۔ ضلعی عدلیہ مردان کی ویب سائٹ کا بغور ملاحظہ رکھیں جہاں وقتاً فوقتاً معلومات دی جاتی ہیں۔

https:mardandc.peshawarhighcourt.gov.pk

۱۱۔ ہم نظام انصاف کے اندر رہتے ہوئے آپ کو باور کراتے ہیں کہ مقدمہ میں کسی کے ساتھ کوئی زیادتی نہ ہو چنانچہ اس سلسلہ میں آپ کا تعاون نہایت اہم ہے۔ عدالتی اہلکار/ عملے کے نام پر کسی طور مالیاتی یا دیگر مراعات کی فوراً شکایت کے اندراج کیلئے مندرجہ ذیل نمبر پر رابطہ کیجئے۔

شکریہ!

رابطہ نمبرز

0311-9887996

بحکم ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج مردان